# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ ۱۹۷۲

# SINDH ACT NO.IV OF 1972

# سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنس اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۲

# THE SINDH SPEAKER’S AND DEPUTY SPEAKER’S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 1972

## (CONTENTS) فہرست


(Preamble) تمہید

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ تنخواہ

Salary

۴۔ آفیس رکھنے اور چھوڑنے پر الاؤنسز

Allowances on taking up and laying down the office

۵۔ سرکاری رہائش

Official Residence

۶۔ پاکستان میں مسافری کا الاؤنس

Travelling allowance for touring in Pakistan

۷۔ قیام کے دوران روزانہ الاؤنس

Daily Allowance during halt

۸۔ کنٹرولنگ آفیسر

Controlling Officer

۹۔ طبی سہولیات

Medical Facilities

۱۰۔ چھٹی

Leave

۱۱۔ سواری

Transport

۱۲۔ عام

General

۱۳۔ چارج رپورٹ

Charge Report

۱۴۔ منسوخی

Repeal

# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ ۱۹۷۲

# SINDH ACT NO.IV OF 1972

# سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہیں، الاؤنس اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۲

# THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 1972

[۱۸ جولائی ۱۹۷۲]

ایک ایکٹ جس کی توسط سے سندھ کی صوبائی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کو تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات فراہم کی جائیں گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عارضی آئین کے آرٹیکل ۱۱۲ کی شق (۸) کے تحت اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات صوبائی قانونسازی کے ایکٹ کے تحت فراہم کی جائیں گی؛

اور جیسا کہ یہ مناسب سمجھا گیا ہے کے سندھ کی صوبائی اسیمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کو تنخواہیں، الاؤنس اور مراعات فراہم کی جائیں؛

یہ اس طرح نافذ کیا جا رہا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر

(تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

commencement

تعریف

Definitions

۲۔ (۱) اس ایکٹ میں جب تک کچھ مفہوم اور مضمون کے متضاد نہ ہو، تب تک مندرجہ ذیل اظہاروں کی معنی ایسے ہوگی جیسے ترتیبوار ان کو دی گئی ہے، جو اس طرح ہے؛

(a) "آئین" مطلب اسلامی جمہوریہ پاکستان کا عارضی آئین۔

(b) "خاندان" مطلب گھروالی، اپنے اور سوتیلے بچے جو اس کے اتھ رہتے ہوں اور سب کے سب اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر پر نربھر ہوں، جیسے صورتحال ہو؛

(c) "حکومت" مطلب سندھ حکومت؛

(d) "بحالی" رہائش گاہ کے سلسلے میں جس میں شامل ہے، مقامی نرخ میں ادائگی، ٹیکس اور پانی اور بجلی کی ادائگی؛

(e) "اسپیکر" مطلب سندھ کی صوبائی اسیمبلی کا اسپیکر؛

(f) "ڈپٹی اسپیکر" مطلب سندھ کی صوبائی اسیمبلی کا ڈپٹی اسپیکر؛

(g) "سرکاری رہائش" مطلب وقت بوقت اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی رہائش کے لیئے مختص کیا گیا گھر، جیسے معاملہ ہو، اور جس میں شامل ہے ملازمین کی رہائش کے کوارٹرز اور دیگر عمارتیں ، جو متعلقہ باغوں سے شامل ہوں۔

تنخواہ

Salary

آفیس رکھنے اور چھوڑنے پر الاؤنسز

Allowances on

(۲)ایکٹ میں بیان کیئے گئے الفاظ اور اظہار اور اس ایکٹ میں بیان نہیں کیئے گئے الفاظ کی معنی وہ ہوں گی جو ان کو آئین میں دی گئی ہے۔

taking up and laying down the office

۳۔ اسپیکر کی تنخواہ تین ہزار روپے در ماہ کے حساب سے ہوگی۔ ڈپٹی اسپیکر کی تنخواہ دو ہزار روپے در ماہ کے حساب سے ہوگی۔

۴۔ (۱)اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، صورتحال جیسے بھی ہو، انہیں خانگی رہائش گاہ سے لے کر سرکاری رہائش گاہ تک اور عہدہ چھوڑنے کے بعد سرکاری رہائش گاہ سے لے کر خانگی رہائش گاہ تک کے مندرجہ ذیل طریقے سے اخراجات حاصل کرنے کا اہل ہوگا:

(a) خاندان کے لیئے سفری خرچ

(b) ذاتی ملازمین کا کرایہ جو دو سے زیادہ نہ ہوں، جو نچلے درجے کے کلاس میں سفر کریں؛ اور

سرکاری رہائش

Official Residence

(c) گھریلو چیزون کے اخراجات، اسپکر کی صورت میں، جو ایک سو بیس من سے زائد نہ ہوں، اور اسی من ڈپٹی اسپیکر کی صورت میں، مالبردار ٹرین، کشتی یا دوسری کسی گاڑی کے ذریعے، سوائے ہوائی جہاز اور اس کی ذاتی کار کے، اگر ہو۔

(۲)آفیس رکھنے یا چھوڑنے کی تاریخ کے چھے ماہ کے دوران کسی بھی سفر یا مسافری کی کوئی بھی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگی۔

پاکستان میں مسافری کا الاؤنس

Travelling allowance for touring in Pakistan

۵۔ (۱) اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ حکومت کی طرف سے فراہم کی جائے گی، جس کی قیمت پندرہ ہزار روپے سے زائد نہ ہو اور ڈپٹی اسپیکر کے لیئے قیمت دس ہزار سے زائد نہ ہوگی۔ اسی طرح فراہم کیئے گئے فرنیچر میں شامل ہوں گے کالین اور ایک ریفریجریٹر مگر دیگر گھریلو اشیاء نہیں ہوں

گی۔ رہائش گاہ میں دو بیڈ رومز ایئرکنڈیشنڈ ہوں گے۔

(۲)اگر منصب سنبھالتے وقت کوئی سرکاری رہائش گاہ دستیاب نہیں ہے تو، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر،جیسے صورتحال ہو، جب تک حکومت کے طرف سے ایسی رہائش گاہ فراہم نہیں کی جاتی، ان کو اپنی اور ان کے خاندان کی رہائش کا خرچ فراہم کیا جائے گا، جو زیادہ سے زیادہ ایک ہزار وپے در ماہ ہوگا۔

٦۔ (۱) اس کے بعد گنجائش پیدا کی جائے گی اور اس کے تحت اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، سرکاری ڈیوٹی پر مسافری کے دوران پہلے درجے کے عملدار جیسے برتاؤ کے حقدار ہوں گے۔

(۲)ہوائی رستے سفر: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، اگر عوامی مفاد میں ہوائی سفر کے مطلوب ہوں، ایسی صورت میں اس کو مندرجہ ذیل چیزیں فراہم کی جائیں گی:

(a) اس کے لیئے اس کو ہوائی جہاز کی اکانامی کلاس کا کرایا دیا جائے گا؛
(b) ایئر کمپنی کی طرف سے ملنے والے فری الاؤنس کے علاوہ ایک سو پاؤنڈس تک سامان اٹھانے کی قیمت
(c) ہوائی رستے یا سمندری راستے زیادہ سے زیادہ تین من ذاتی سامان اٹھانا؛
(d) ہوائی سفر کی انشورنس جو ایکچوئل پریمیم یا قیمت جو ایک لاکھ روپے سے زیادہ نہ ہو۔

نوٹ: (i) جہاں مناسب ہو، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، واپسی کی ہوائی سفر کی ٹکٹ خرید کرے گا۔

(ii) اسپیکر کو ریل کے ذریعے سفر میں دو ذاتی ملازموں کے لیئے لوئر کلاس کے کرائے کی قیمت دی جائے گی۔

(۳)ریل کیے ذریعے سفر: اسپیکر جب ریلوے کے ذریعے سرکاری کام کاج کے لیئے سفر کر رہا ہوگا تو اس کو دی جائیں گی:

(i)جب مین لائینس پر سفر کر رہا ہوگا، ایک عام فرسٹ کلاس کم سیکنڈ کلاس کیریج یا بی کلاس ٹوئرسٹ کار۔

(ii) جہاں میں لائینس کے علاوہ سفر کر رہا ہو، ایک آٹھ ویلز والی (اے کلاس) ٹوئرسٹ کار؛

(iii) اگر ذیلی شقوں (i) اور (ii) میں بتائی گئی گاڑیاں دستیاب نہیں، یا مطالبہ نہیں کیا گیا، تو ایک عام چار برتھ والا فرسٹ کلاس کمپارٹمنٹ یا ایک دو برتھ والا فرسٹ کلاس ایئر کنڈیشنڈ کوپ کمپارٹمنٹ فراہم کیا جائے گا۔

(b) کسی کرائے کے علاوہ اپنی گھر والی کو مختص اکوموڈیشن میں ساتھ لے سکتا ہے؛

(c) اپنے ساتھ دستیاب سہولت کے تحت نچلے طبقے کے اپارٹمنٹ میں دو ذاتی ملازم ساتھ لے سکتا ہے؛

(d) استعمال ہونے والے اکوموڈیشن کے مطابق عام فری الاؤنس کی حدود کے تحت ذاتی سامان اٹھا سکتا ہے۔

ایک ڈپٹی اسپیکر جب سرکاری کام کے لیئے ریلوے کے ذریعے سفر کرے گا، تو اس کو فراہم کی جائیں گی:

(a)        درخواست پر حکومتی خرچے کے تحت:

(i)جب مین لائینس پر سفر کر رہا ہوگا، ایک عام فرسٹ کلاس دو برتھ والا کمپارٹمنٹ دیا جائے گا؛ یا

(ii)جب ایک ایئر کنڈیشنڈ کوچ فراہم کی جائے گی تو ایک فرسٹ کلاس (کوپ) کمپارٹمنٹ ایسی کوچ میں دیا جائے گا۔

(c)اپنے ساتھ دستیاب سہولت کے تحت نچلے طبقے کے اپارٹمنٹ میں ایک ذاتی ملازم لے سکتا ہے؛

(d)استعمال ہونے والے اکوموڈیشن کے مطابق عام فری الاؤنس کی حدوں کے تحت ذاتی سامان اٹھا سکے گا۔

قیام کے دوران روزانہ الاؤنس

Daily Allowance during halt

نوٹ: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، جب ریلوے میں اکوموڈیشن ریزرو کر رہا ہوگا تو اس سے سفر شروع کرنے سے پہلے اس کے ساتھ سفر کرنے والے افراد کا عدد اور دیگر تفصیلات طلب کیئے جائیں گے، جو اسٹیشن ماسٹر کے طرف سے درخواست فارم میں پر کیئے جائیں گے، جہاں سے سفر کی شروعات ہوگی۔

(4) اسٹیمر یا لانچ کے ذریعے سفر: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، جب آن ڈیوٹی اسٹیمر یا لانچ کے ذریعے سفر کر رہا ہوگا تو اس کو مندرجہ ذیل سہولتیں فراہم کی جائیں گی:

(a)اس کو حقیقی کرایہ فراہم کیا جائے گا۔

(b)اپنے ساتھ دستیاب گنجائش کے تحت نچلے طبقے کے اپارٹمنٹ میں دو ذاتی ملازم اٹھا سکتا ہے؛ اور

(c) تین من تک کا ذاتی سامان اٹھا سکے گا۔

| | |
|---|---|
| کنٹرولنگ آفیسر<br>Controlling Officer<br>طبی سہولیات<br>Medical Facilities<br>چھٹی<br>Leave | (5)روڈ کے رستے سفر: جب اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، عوامی مفاد میں روڈ کے راستے ایسے علاقوں میں سفر کرتا ہے، جہاں ریل کا راستہ نہیں اور اگر وہ ذیلی دفعات (۳) یا (۴) کے تحت، مراعات کا استعمال نہیں کرتا، جیسے صورتحال ہو، ایسا سفر چنتا ہےہے، تو وہ جہاں ایی گاڑی میں جو حکومت کی نہیں یا اس کے ماتحت نہیں، تو اس کو مندرجہ ذیل سہولتیں دی جائیں گی:<br>(a) روڈ کے رستے اس کے سفر کے لیئے مسافری کا الاؤنس پچتر پئسے فی میل کے حساب سے؛ اور<br>(b) جائز اخراجات سواری کے:<br>(i) دو نجی ملازم؛ اور |
| سواری<br>Transport<br>عام<br>General | (ii) اپنا سب ذاتی سامان، جس میں شامل ہیں سفر کے دوران استعمال میں آنے والی سب اشیاء۔<br>۷۔ اسپیکر جب ٹوئر پر ہوگا تو اس کو ٹوئر کے دوران رکنے پر تیس روپے فی یوم کے حساب سے الاؤنس دیا جائے گا اور ڈپٹی اسپیکر کو ۲۵ روپے فی یوم کے حساب سے:<br>بشرطیک کہ:<br>(a) رہائش والی جگہ کے دوران، روزانہ الاؤنس کا آدھا الاؤنس مندرجہ ذیل طریقے سے دیا جائے گا:<br>(i)پہنچنے والے دن؛<br>(ii)جانے والے دن؛ اور<br>(iii) پہنچنے اور جانے والے دن اگر اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر اسی دن پہنچتا اور جاتا ہے۔ |

(b)دس دن سے زیادہ کے سفر کے لیئے لگاتار رہائش کے دوران، روزانہ الاؤنس اس طرح دیا جائے گا:

(i) پہلے دس دنوں کے دوران سارا مکمل ریٹ ہوگا۔

(ii) دیگر بیس دن کے لیئے یا کچھ حصے کے لیئے مکمل ریٹ کا تیسرا حصہ، اور

چارج رپورٹ

Charge Report

(iii) باقی عرصے کے لیئے مکمل ریٹ کا آدھا حصہ۔

وضاحت: سفر کے دوران رہائش لگاتار سمجھی جائی گی جب تک رہائش سے پانچ میل دور مفاصلے پر یا سات راتوں کے عرصے تک غیر حاضر رہ کر ختم نہ کی جائے۔

منسوخی

Repeal

۸۔ سفر کے الاؤنسز کے مقاصد کے لیئے اسپیکر اپنا اور ڈپٹی اسپیکر کا بھی کنٹرولنگ آفیسر خود ہی ہوگا۔

۹۔ اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، ان کو اسپیشل میڈیکل اٹینڈنس رولز، ۱۹۵۰ کے شرائط کے تحت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی، بشرطیک اس کو یا اس کے خاندان کو وہ طبی سہولتیں ان کی رہائش گاہ پر دی جائیں۔

۱۰۔ اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، ان کے آفیس کی مدت یا ایک وقت یا وقت بوقت کسی صحت کے ہنگامی سبب کی وجہ سے غیر حاضری پر یا نجی معاملات کے لیئے جو تین ماہ کے عرصے سے زیادہ نہ ہو، گورنر اس کے لیئے چھٹی کی منظوری دے سکتاہے۔

۱۱۔ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر حکومتی اخراجات پر الگ الگ سرکاری کار رکھنے کے مجاز ہوں گے۔

۱۲۔ (۱) سب مناسب احتیاتی تدابیر لی جائیں گی، یہ دیکھنے کے لیئے کہ سرکاری رہائش، سواری اور فرنیچر جو اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو حکومت کی طرف سے فراہم کیا گیا ہے، جیسے بھی معاملہ ہو، وہ اسی احتیاط سے استعمال ہو رہے ہیں، جیسے انسان اپنے ذاتی چیزوں کی حفاظت کرتا ہے۔

(۲) سب فرنیچر اور سامان جو سرکاری رہائش میں فراہم کیا گیا ہے، اس پر بلڈنگز ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کی طرف سے پہچان کے مقاصد کے لیئے نشان لگایا جائے گا۔

(۳) جب اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے معاملہ ہو، سرکاری رہائش اختیار کرتا ہے یہ بلڈنگز ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کے متعلقہ عملدار کی ذمیداری ہوگی کو وہ فرنیچر اور دیگر سامان کی ذمیداری اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر یا ان کی طرف سے تحریری طور پر ایسے مجاز شخص کے حوالے کرے اور اس حوالے سے ایسے عملدار کی طرف سے سامان کی فہرست بنا کر اور اس پر دستخط لی جائے گی۔

(۴)جب اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے صورتحال ہو، سرکاری رہائش خالی کرنے والا ہوگا تو، اس کو بلڈنگز ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کے متعلقہ عملدار کو اطلاع کرنا پڑے گا اور انتظام کرنا پڑے گا کہ سرکاری رہائش کا فرنیچر اور سامان دستخط شدہ فہرست کے موجب عملدار کے حوالے کیا جائے۔

(۵)بلڈنگز ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کا متعلقہ عملدار وقت بوقت، سرکاری رہائش، اس کے فرنیچر اورسامان کی اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے معاملہ ہو، ان کی پیشگی اجازت سے جانچ پڑتال کرتا رہے

گا۔

۱۳۔ اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، جیسے معاملہ ہو، اس سے وہ آفیس حاصل کرنے یا آفیس چھوڑنے کے موقع پر چارج رپورٹ پر دستخط نہیں لی جائے گی۔

۱۴۔سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکرکی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) آرڈر، ۱۹۷۲ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**